MZK / Shabbir

15.03.2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج سے جنوبی بھارت کی پانچ ریاستوں کے دورے پر جارہے ہیں۔

2 مرکزی سرکار نے پورے ملک میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمت دو روپے فی لیٹر کم کردی ہے۔

3 مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے دہشت گردی اور منظّم جرائم کے خلاف بھارت کی مہم کو مستحکم بنانے کی خاطر فوجداری کیسوں سے نمٹنے سے متعلق NIA کے منفرد ڈیجیٹل نظام کا آغاز کیا ہے۔

4 انتخابی کمیشن نے اسٹیٹ بینک سے موصولہ الیکورل بانڈس کی تفصیلات اپنی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردی ہیں۔

5 روس میں صدر کے عہدے کے چناؤ کیلئے تین روزہ پولنگ شروع ہوگئی ہے۔

6 اور بیڈمنٹن میں

لکشیہ سین برمنگھم میں جاری آل انگلینڈ اوپن چمپئن شپ کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM South India Visit

وزیر اعظم نریندر مودی آج سے جنوبی بھارت کی پانچ ریاستوں کے دورے پر جارہے ہیں۔ اِن میں کرناٹک، آندھرا پردیش، تلنگانہ، تمل ناڈو اور کیرالہ شامل ہیں۔ اُن کے دورے کا آغاز تمل ناڈو میں کنیا کماری سے ہوگا۔ وزیر اعظم مہم کے حصے کے طور پر بڑے روڈ شو کریں گے۔ جناب مودی کنیا کماری میں وویکانند کالج گراؤنڈس پر دن میں گیارہ بجے کے آس پاس ریاستی بی جے پی کے زیر اہتمام ایک جلسۂ عام سے خطاب کریں گے۔جناب مودی کرناٹک میں بھی دو عوامی ریلیوں سے خطاب کریں گے ۔

ریاستی بی جے پی کے جنرل سکریٹری اور ممبر اسمبلی سُنیل کمار نے بینگلورو میں نامہ نگاروں کو بتایا کہ وزیر اعظم کل Kalburgi میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کریں گے جبکہ Shivamogga میں اِس مہینے کی 18 تاریخ کو ایک عوامی ریلی ہوگی۔

جناب مودی تلنگانہ میں اپنے پروگراموں کے حصے کے طور پر Malkajgiri لوک سبھا حلقے میں ایک روڈ شو کریں گے۔

جناب مودی آندھراپردیش کا دورہ بھی کریں گے۔وزیر اعظم آج کیرالہ بھی جائیں گے جہاں وہ NDA کی انتخابی مہم کی قیادت کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Mayusha

PM Svanidhi

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پی یم سوانِدھی اسکیم ریہڑی پٹری والوں کیلئے ایک شہ رگ کے طور پر نہایت مفید ثابت ہوئی ہے۔ جناب مودی نے مذکورہ اسکیم کے تحت ایک لاکھ ریہڑی پٹری والوں کو قرضے تقسیم کرنے کے موقع پر دلی میں پی ایم سوانِدھی سے مستفید ہونے والے افراد سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لوگوں نے کووڈ کے دوران ریہڑی پٹری والوں کی طاقت کا مشاہدہ کیا ۔

انہوں نے کہا کہ سوانِدھی مہوتسو اُن لوگوں کیلئے وقف ہے جو ہمیشہ آس پاس ہوتے ہیں اور اُن کے بغیر لوگ اپنی زندگی کا

تصور بھی نہیں کرسکتے۔ جناب مودی نے معاشرے کے لئے اہم کام کرنے پر ریہڑی پٹری والوں اور سڑک کے کنارے دکان چلانے والوں کو مبارکباد دی۔

SB- 0815 PM Swanidhi

وزیر اعظم نے کہا کہ اگرچہ ریہڑی پٹری والوں کا کام اور اُن کی دکان چھوٹی ضرور ہوسکتی ہے لیکن اُن کے خواب بڑے ہیں۔

جناب مودی نے کہا کہ سابقہ سرکاروں نے ریہڑی پٹری والوں کی بہبود میں کوئی دلچسپی نہیں لی جس کی وجہ سے انہیں بے قدری اور پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑا۔

وزیر اعظم نے کہا کہ اِن ریہڑی پٹری والوں کو جب کبھی رقم کی ضرورت ہوتی تو انہیں اونچی شرح سود پر قرضے دیئے جاتے تھے۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ انہیں بینکوں تک رسائی بھی حاصل نہیں تھی کیونکہ ان کے پاس کسی طرح کی لون گارنٹی نہیں تھی۔

وزیر اعظم نے زور دے کر کہا کہ سابقہ سرکاروں نے ریہڑی پٹری والوں کی ضروریات پر نہ تو کوئی دھیان دیا اور نہ ہی اُن کے مسائل حل کرنے کیلئے کبھی کوئی کوشش کی۔ x

Petrol Diesel

تیل مارکیٹنگ کمپنیوں نے پورے ملک میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمت دو روپے فی لیٹر کم کردی ہے۔ نئ قیمتوں کا اطلاق آج صبح چھ بجے سے ہوگیا ہے۔

پٹرولیم اور قدرتی گیس محکمے کی وزارت نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا ہے کہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں کم کرنے سے صارفین کی قوت خرید کو تقویت ملے گی۔

اِس طرح دلی میں اب ایک لیٹر پٹرول کی قیمت 94 روپے 72 پیسے ہوگی جبکہ ممبئی میں 104 روپے 21 پیسے ، کولکاتہ میں 103 روپے 94 پیسے اور چنئی میں سو روپے 75 پیسے ہوگی۔

اِسی طرح دلی میں اب ایک لیٹر ڈیزل 87 روپے 62 پیسے کا ملے گا جبکہ ممبئی میں 92 روپے 15 پیسے ، کولکاتہ میں 90 روپے 76 پیسے اور چنئی میں اِس کی قیمت اب 92 روپے 34 پیسے ہوگی۔

اِدھر پٹرولیم اور قدرتی گیس محکمے کے وزیر ہردیپ سنگھ پُری نے کہا ہے کہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمت دو روپے فی لیٹر کم کرکے وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک بار پھر یہ ثابت کردیا ہے کہ کروڑوں ہموطنوں کی بہبود اور سہولت ہمیشہ اُن کی ترجیح رہی ہے۔

Shah Petrol & Diesel

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے ملک میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں کم کرنے کی سرکار کی کوششوں کی ستائش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب امت شاہ نے کہا کہ سرکار کی کوششوں کی بدولت پچھلے ڈھائی سال میں پٹرول کی قیمت تقریباً 15 روپے جبکہ ڈیزل کی قیمت 17 روپے فی لیٹر کم ہوئی ہے۔

انہوں نے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں کم کرنے کے فیصلے کیلئے وزیر اعظم کے تئیں تشکر کا اظہار کیا۔x

Shah NIA

دہشت گردی اور منظّم جرائم کے خلاف بھارت کی مہم کو بڑی تقویت فراہم کرتے ہوئے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کل نئ دلی میں فوجداری کیسوں سے نمٹنے سے متعلق منفرد ڈجیٹل نظام کا ورچوئل وسیلے سے افتتاح کیا ۔ اِس کا ڈیزائن قومی جانچ ایجنسی NIA نے تیار کیا ہے۔

ورچوئل پروگرام میں جناب امت شاہ نے جموں اور کوچی میں NIA کے دو نئے برانچ دفاتر اور رائے پور میں ایک رہائشی کمپلیکس کا افتتاح بھی کیا۔ جناب امت شاہ نے ایک موبائل ایپ Sankalan کا آغاز بھی کیا جو نئے فوجداری قوانین کا ایک مجموعہ ہے جسے جرائم کے ریکارڈ سے متعلق قومی بیورو نے تیار کیا ہے۔

فوجداری کیسوں سے نمٹنے سے متعلق نئے تیار کئے گئے نظام سے NIA کے اہلکار دہشت گردی اور منظّم جرائم کے معاملات میں بہتر تال میل قائم کرسکیں گے جس سے انصاف اور کارروائی میں بہتری آئے گی۔

اِس موقع پر جناب امت شاہ نے ریاستوں کے پولیس ڈائرکٹر جنرل صاحبان پر زور دیا کہ وہ موثر اور تیز رفتار تحقیقات اور کارروائی کے لئے جدید طرز کا سافٹ ویئر استعمال کریں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اِس سے ریاستی فورسز کو چھان بین کے دوران حاصل ہونے والے ڈیٹا کو یکجا کرنے، اکٹھا کرنے اور اِسے ڈجیٹل شکل دینے میں مدد ملے گی۔ x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

EC Electoral Bonds

انتخابی کمیشن نے کل اسٹیٹ بین آف انڈیا کی جانب سے موصول الیکٹورل بانڈ سے متعلق ڈیٹا اپنی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردیا ہے۔ SBI نے سپریم کورٹ کی ہدایات کے مطابق اس ماہ کی 12 تاریخ کو ایکٹورل بانڈ سے متعلق ڈیٹا انتخابی کمیشن کو فراہم کر دیا تھا۔ اس ڈیٹا تک www.eci.gov.in/candidate-Politicalparty پر رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

انتخابی پینل نے ایک بیان میں کہاہے کہ انتخابی کمیشن مسلسل اور واضح طور پر اِس کا انکشاف کرنے اور شفافیت کے حق میں رہا ہے جیسا کہ عدالت عالیہ کی سماعت میں بھی ظاہر کیا گیا تھا۔

Hyderabad Prez Visit

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو آج شام حیدرآباد میں عالمی ادھیاتمک مہوتسو میں شرکت کریں گی۔ یہ ادھیاتمک مہوتسو حیدرآباد کے مضافات میں واقعہ کانہا شانتی ونم میں کل شروع ہوا تھا۔ اس میں سبھی عقائد اور مذاہب کے روحانی رہنما، دنیا کے سب سے بڑے میڈی ٹیشن سینٹر میں جمع ہوں گے۔ ثقافت کی وزارت سری رام چندرمشن اور دیگر ساتھ اشتراک میں اس تقریب کا انعقاد کررہی ہے۔

ثقافت کے محکمے کے وزیر جی کشن ریڈی نے اس سے قبل کہاتھا کہ یہ کانفرنس سبھی طبقات، ذات اور مذاہب کے درمیان یکجہتی کے ساتھ ملک کے وسودھیو کٹمبکم نظریے کا تسلسل ہے۔

REV Mamta Injury

مغربی بنگال کی وزیراعلیٰ ممتا بنرجی، جن کے ماتھے پر شدید چوٹ لگ گئی تھی، انہیں ضروری جانچ اور علاج کے بعد کولکاتہ کے SSKM اسپتال سے ڈسچارج کردیا گیاہے۔ محترمہ ممتابنرجی کو اُن کی رہائش گاہ میں گرنے کے سبب چوٹ آ گئی تھی۔

وزیراعظم نریندرمودی نے محترمہ ممتابنرجی کی بہترین صحت اور چوٹ سے جلد صحت یابی کی دعا کی ہے۔

J&K POJK

جموں وکشمیر میں بے گھر اور مائیگریٹ افراد کو اقتصادی طور پر با اختیار بنانے کی سمت ایک اہم قدم کے تحت جموں وکشمیر حکومت نے کل پاکستان مقبوضہ کشمیر کے کنبوں ، مغربی پاکستان کے پناہ گزینوں اور کشمیری مائیگرینٹ کنبوں سے وابستہ 350 نوجوانوں کو مالی مد فراہم کی تاکہ وہ خود کا کاروبار شروع کرسکیں۔جموں کے کنونشن سینٹر میں منعقدہ اس تاریخی تقریب کی صدارت لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ پاکستان مقبوضہ کشمیر کے بے گھر کنبوں، مغربی پاکستان کے پناہ گزینوں اور کشمیری مائیگرینٹ کنبوں سے وابتہ افراد کو مالی مدد دینے سے انہیں اپنے خوابوں کو پورا کرنے اور ان لوگوں میں اپنا خود کا کاروبار شروع کرنے کے رجحان میں مدد ملے گی۔

Russia Elections

روس میں آج صدر کے انتخاب کیلئے ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ پولنگ کا عمل تین دن جاری رہے گا حالانکہ ابتدائی اور پوسٹل ووٹنگ کا سلسلہ پہلے ہی شروع ہوچکا ہے۔ صدر ولادیمیر پوتن نے ملک کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں۔

صدر کے عہدے کیلئے دیگر تین امیدواروں میں روس کی کمیونسٹ پارٹی کے Nikolai Kharitonov

ایل ڈی پی آر پارٹی کے Leonid Slutsky

اور نیو پیوپلز پارٹی کے Vladislav Davankov شامل ہیں۔

اگر ولادیمیر پوتن پانچویں مدت کے لئے منتخب ہوجاتے ہیں تو وہ مزید چھ سال حکومت کریں گے۔روس میں پہلی مرتبہ آن لائن ووٹ دینے کی سہولت دستیاب کرائی گئی ہے۔ x

India Gender Rank

بھارت نے صنفی نابرابری سے متعلق اشاریے 2022 میں 14 پوزیشن کی نمایاں بہتری درج کی ہے۔ UNDP کی جانب سے جاری کردہ انسانی فروغ سے متعلق رپورٹ 2023-24 کے مطابق بھارت 193 ملکوں میں سے 108ویں پوزیشن پر رہا۔

Palestine New PM

فلسطین میں صدر محمود عباس نے اپنے طویل عرصے تک رہے اقتصادی صلاحکار محمد مصطفیٰ کو ملک کے نئے وزیراعظم کی حیثیت سے مقرر کیاہے۔

ان کی یہ تقرری واشنگٹن کی غزہ کیلئے جنگ کے بعد کے ویژن کے حصے کے طور پر، فلسطینی اتھارٹی کی اصلاح کیلئے امریکہ کے دباؤ کا سامنا کرنے کی وجہ سے عمل میں آئی ہے۔

Mohmmed Shtayyeh نے غزہ لڑائی کے دوران ایک متحد کابینہ کیلئے راہ ہموار کرنے کی خاطر فروری میں فلسطین کے وزیراعظم کی حیثیت سے استعفا دے دیاتھا۔

نئے وزیراعظم محمد مصطفیٰ امریکہ سے تعلیم یافتہ ایک ماہر اقصادیات ہیں۔ وہ کبھی فلسطین کی ٹیلی کامس کمپنی Paltel چلاے تھے۔

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے مشرقی اور وسطی بھارت میں اگلے چند روز تک گرج چمک کے ساتھ اوسط بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات محکمے نے آج قومی راجدھانی دلی میں دن کے درجۂ حرارت میں گراوٹ آنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ اِس کے بعد اِس میں رفتہ رفتہ اضافہ ہوگا۔

Badminton

بیڈمنٹن میں بھارت کے لکشیہ سین برمنگھم میں آل انگلینڈ اوپن چمپئن شپ میں مردوں کے سنگلز کے کوارٹرفائنل میں پہنچ گئے ہیں۔دولت مشترکہ کھیلوں میں سونے کا تمغہ جیتنے والے لکشیہ سین نے ڈنمارک کے Anders Antonsen کو پری کوارٹرفائنل کے ایک سخت مقابلے میں چوبیس بائیس، گیارہ اکیس اور اکیس چودہ سے ہرایا۔ اب عالمی درجہ بندی میں اٹھارہویں پوزیشن کے کھلاڑی سین کا آج رات کوارٹر فائنل میں ملیشیا کے Lee Zii Jia سے مقابلہ ہوگا۔

یہ تھیں خبریں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ارجمندعلی خان

شکریہ - شبانہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔ روزنامہ پرتاپ نے وزیراعظم نریندرمودی کے ہاتھوں دلی میٹرو کے دو نئے کوریڈور کا سنگ بنیاد رکھے جانے کی خبرکو اولیت دی ہے۔ جناب مودی نے نہرو اسٹیڈیم میں منعقد تقریب میں ایک لاکھ ریڑھی پٹری والوں کو قرض بانٹے۔

روزنامہ ملاپ، راشٹریہ سہارا اور انقلاب سمیت تقریباً سبھی اخباروں نے بھوٹان کے وزیراعظم Tshering کی پانچ روزہ دورے پر بھارت پہنچنے کی خبربھی آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے پیش کی ہے۔ بھوٹان کے وزیراعظم کا یہ پہلا غیرملکی دورہ ہے۔

ون نیشن ون الیکشن پر سابق صدر رام ناتھ کووند کی صدارت میں اعلیٰ سطحی کمیٹی کی صدرجمہوریہ کو رپورٹ سونپے جانے کی خبرکو تقریباً سبھی اخباروں نے خصوصیت دی ہے۔

گیانیش کمار اور سکھبیر سندھو الیکشن کمشنر منتخب۔وزیراعظم نریندرمودی کی سربراہی میں منعقد اہم میٹنگ میں فیصلہ۔یہ خبر اخبار ملاپ سمیت سبھی اخباروں کی سرخی ہے۔

ملاپ کی ایک خبر کے مطابق اطلاعات ونشریات کی وزارت کی بڑی کارروائی، 18 او ٹی پلیٹ فارمس، 19 ویب سائٹس،10 ایپس پر پابندی۔

دلی کے شاستری نگر علاقے میں چار منزلہ عمارت میں بھیانک آتشزدگی دو بچوں سمیت چار افراد کی موت۔ یہ خبر بھی روزنامہ ملاپ، ہندوستان ایکسپریس اور کئی اخباروں میں ہے۔

وزیرداخلہ امت شاہ کا CCA کے تعلق سے دیاگیا یہ بیان بھی اخباروں میں نمایاں ہے کہ ملک میں کسی کو بھی بھارتی شہریت فراہم کرنا ہمارا بنیادی حق ہے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج سے جنوبی بھارت کی پانچ ریاستوں کے دورے پر جارہے ہیں۔

2 مرکزی سرکار نے پورے ملک میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمت دو روپے فی لیٹر کم کردی ہے۔

3 مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے دہشت گردی اور منظم جرائم کے خلاف بھارت کی مہم کو مستحکم بنانے کی خاطر فوجداری کیسوں سے نمٹنے سے متعلق NIA کے منفرد ڈجیٹل نظام کا آغاز کیا ہے۔

4 انتخابی کمیشن نے اسٹیٹ بینک سے موصولہ الیکٹورل بانڈس کی تفصیلات اپنی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردی ہیں۔

5 روس میں صدر کے عہدے کے چناؤ کیلئے تین روزہ پولنگ شروع ہوگئی ہے۔

6 اور بیڈمنٹن میں

لکشیہ سین برمنگھم میں جاری آل انگلینڈ اوپن چمپئن شپ کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---